نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے بہاریہ مکئی کیلئے کھادوں کے استعمال بارے سفارشات جاری کر دیں

لاہور،26جنوری2026ء:۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق بہاریہ مکئی کے کاشتکار ہائبرڈ اقسام کے لئے کمزور زمین میں بوقت بوائی تین بوری ڈی اے پی + دو بوری ایس او پی + ایک چوتھائی بوری یوریا استعمال کریں۔ درمیانی زمین کے لئے اڑھائی بوری ڈی اے پی + ڈیرھ بوری ایس او پی جبکہ زرخیز زمین میں بوقت بوائی دو بوری ڈی اے پی + ایک بوری ایس او پی استعمال کریں۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا ہے کہ مکئی کی عام اقسام کے لئے بوقت بوائی کمزور زمین میں اڑھائی بوری ڈی اے پی + ڈیرھ بوری ایس او پی جبکہ درمیانی زمین میں ڈیرھ بوری ڈی اے پی + ڈیرھ بوری ایس او پی۔ اس کے علاوہ زرخیز زمین میں ڈیرھ بوری ڈی اے پی + ایک بوری ایس او پی استعمال کریں۔ بہاریہ مکئی کیلئے متوازن اور متناسب کھادوں کے استعمال سے فصل کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ ہوتا ہے۔ کھاد کے استعمال کیلئے بہتر ہے کاشتکار پہلے اپنی زمین کی مٹی کا تجزیہ کرا لیں۔

☆☆☆☆